30 مئی 2014ء

اسٹیٹ بینک 25 روپے کا یادگاری سکّہ جاری کرے گا

بینک دولت پاکستان 2 جون 2014ء سے پاکستانی نیوی سب میرین فورس کی گولڈن جوبلی کے موقعے پر ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے تمام دفاتر کے ایکسچینج کاؤنٹرز سے 25 روپے کے یادگاری سکّے جاری کرے گا۔ یہ اجرا وفاقی حکومت کے نوٹیفکیشن بتاریخ 27 مئی 2014ء کی تعمیل میں کیا جا رہا ہے۔

سکّے کا وزن 12 گرام ہے اور یہ 75 فیصد تانبے اور 25 فیصد نکل پر مشتمل ہے۔ سکّہ گول ہے اور کنارے پر دندانے ہیں۔ اس کا قطر 30 ملی میٹر ہے۔

OBVERSE

سامنے کا رخ:

سامنے کے رخ پر بیچ میں بڑھتا ہوا ہلال اور پانچ نوکوں والا ابھرتا ہوا ستارہ ہے جس کا رخ شمال مغرب کی طرف ہے۔ ستارے اور ہلال کے اوپر کنارے کے ساتھ ساتھ اردو میں 'اسلامی جمہوریہ پاکستان' کندہ ہے۔ ہلال کے نیچے اور گندم کی دو بالیوں کے اوپر عددی صورت میں سکّے کی قیمت 25 اور لفظ 'روپیہ' اردو میں ستارہ و ہلال کے دائیں بائیں لکھا ہے۔ سکّے کے پورے کنارے پر چھوٹے دانوں کا دائرہ ہے۔

REVERSE

پچھلا رخ:

پچھلے رخ پر بیچ میں پاکستان نیوی سب میرین فورس کا مونوگرام ہے۔ سکّے کے اوپری کنارے کے ساتھ اردو میں پاکستان نیوی سب میرین فورس کے الفاظ لکھے ہیں۔ پاکستانی بحریہ کے مونوگرام کے نیچے 2014-1964 عددی صورت میں اور اردو میں 'گولڈن جوبلی' کندہ ہے۔ سکّے کے پورے کنارے پر چھوٹے چھوٹے دانے ہیں۔

☆☆☆